# اشتہارِ نیلامی عام پھل باغ کینو، مسمی، فروٹر، امرود وغیرہ برائے پانچ ماہ

پنجاب لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ کے زیرِ انتظام لائیو اسٹاک تجرباتی فارم خضر آباد، ضلع سرگودھا میں تقریباً سینتیس ایکڑ رقبہ پر محیط کینو، موسمی، فروٹر اور امرود کا باغ موجود ہے۔ ادارہ مذکورہ باغ کو درج ذیل شرائط وضوابط کے تحت پانچ ماہ(5) کی مدت کے لیے نیلامِ عام کرے گا۔

شرائط وضوابط:

۱۔ کینو، مسمی، فروٹر اور امرود کا مذکورہ باغ جہاں ہے، جیسا ہے کی بنیاد پر نیلام کیا جائے گا۔

۲۔ ہر بولی دہندہ بولی میں حصہ لینے سے قبل باغ کا خود معائنہ کر سکتا ہے۔ بعد ازاں باغ کی حالت، پیداوار یا کسی بھی دیگر معاملے کے متعلق کسی قسم کا اعتراض یا عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

۳۔ بولی کی حتمی منظوری جناب چیف ایگزیکٹو آفیسر، پنجاب لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ، لاہور کی منظوری سے مشروط ہو گی۔

۴۔ ہر بولی دہندہ کو نیلامی میں شرکت کے لیے مبلغ دس لاکھ روپے نقد یا بینک ڈرافٹ بطور زرِ ضمانت جمع کروانا ہو گا۔ ناکام بولی دہندگان کو زرِ ضمانت موقع پر واپس کر دیا جائے گا۔

۵۔ بولی پورے باغ، یعنی تقریباً سینتیس ایکڑ (37) رقبہ میں موجود تمام پھلوں کی مجموعی کٹائی اور توڑائی کے لیے ہو گی۔

۶۔ کامیاب بولی دہندہ کل منظور شدہ رقم کا ایک چوتھائی حصہ بمعہ زرِ ضمانت پہلی قسط کے طور پر منظوری کے تین دن کے اندر اندر جمع کروانے کا پابند ہو گا۔

۷۔ باقی رقم درج ذیل شیڈول کے مطابق مساوی اقساط میں ادا کرنا ہو گی

۸۔ پہلی قسط: منظوری کے تین دن کے اندر۔ دوسری قسط: یکم نومبر۔ تیسری قسط:20 نومبر۔ چوتھی قسط:10 دسمبر۔

۹۔ مقررہ شیڈول کے مطابق رقم کی ادائیگی نہ کرنے کی صورت میں ادارہ مجاز ہو گا کہ پھل توڑنے سے روک دے اور جمع شدہ زرِ ضمانت ضبط کر لے۔

۱۰۔ کل منظور شدہ رقم پر حکومت کے مروجہ قوانین کے مطابق ٹیکس نافذ ہو گا۔ جو کہ بولی دہندہ ادا کرنے کا پابند ہو گا۔

۱۱۔ کامیاب بولی دہندہ باغ کے کسی بھی پودے کو کسی قسم کا نقصان نہیں پہنچائے گا۔

۱۲۔ باغ میں کسی قسم کے جانور رکھنے یا جانور چرانے کی اجازت نہیں ہو گی۔ خلاف ورزی کی صورت میں قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور جمع شدہ رقم ضبط کر کے ٹھیکہ بھی منسوخ کیا جا سکتا ہے۔

۱۳۔ موسمی حالات، ناگہانی یا قدرتی آفات، کسی بیماری، کیڑے مکوڑوں یا دیگر قدرتی وجوہات کے باعث پھل کو پہنچنے والے نقصان کا ذمہ دار ادارہ نہ ہو گا۔

۱۴۔ باغ پر ہونے والے تمام اخراجات، مثلاً ہل چلانا، گوڈی، کھاد، ادویات، سپرے، آبپاشی کی نگرانی اور دیگر تمام متعلقہ اخراجات مکمل طور پر کامیاب بولی دہندہ / ٹھیکہ دار کے ذمہ ہوں گے۔ بیان کیے گے امور کی غیر تسلی بخش نگہداشت کی صورت میں جمع شدہ زرِ ضمانت ضبط کر لی جائے گی۔

۱۵۔ کامیاب بولی دہندہ پانچ ماہ کی مدت مکمل ہونے پر 15 فروری تک باغ کا تمام رقبہ خالی کر کے ادارے کے حوالے کرنے کا پابند ہو گا۔

۱۶۔ باغ میں کسی قسم کی تعمیر، تبدیلی، تنصیب یا کوئی دوسرا کام کرنے سے قبل ادارے سے تحریری اجازت حاصل کرنا لازمی ہو گا۔

۱۷۔ باغ کے رقبے کے تناسب سے فارم کے مقررہ نہری پانی میں سے پانی فراہم کیا جائے گا۔ فارم کے حصے میں دو دن کا پانی ہونے کی صورت میں کامیاب بولی دہندہ کو صرف ایک دن کا پانی حاصل کرنے کی اجازت ہو گی۔

۱۸۔ کامیاب بولی دہندہ کو اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی ادارے میں جمع کروانا ہو گی۔

۱۹۔ کامیاب بولی دہندہ مذکورہ باغ کا ٹھیکہ کسی دوسری پارٹی کو فروخت یا منتقل نہیں کرے گا۔ اگر کسی دوسری پارٹی کو ٹھیکہ منتقل کیا گیا تو نئے خریدار کو باقی تمام واجب الادا رقم یکمشت ادا کرنا ہو گی اور ادارے کو اس منتقلی کے بارے میں تحریری طور پر مطلع کرنا ہو گا۔ نئے خریدار اور سابقہ ٹھیکہ دار کے شناختی کارڈز کی نقول بھی جمع کروانا لازمی ہوں گی۔

۲۰۔ اگر کسی ترقیاتی منصوبے یا کسی دیگر ناگزیر وجہ سے پنجاب لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ معاہدہ ختم کرنا چاہے تو پھل کی توڑائی مکمل ہونے کے بعد معاہدہ ختم کیا جا سکتا ہے۔ اس سلسلے میں ادارہ تحریری نوٹس جاری کرے گا اور ادارہ کسی قسم کے ہرجانے یا زرِ تلافی کا ذمہ دار نہ ہو گا۔

۲۱۔ باغ میں ٹوکریوں، جھونپڑیوں یا دیگر عارضی انتظامات کے لیے لکڑی ادارے کی جانب سے فراہم نہیں کی جائے گی۔

۲۲۔ باغ میں خشک شاخوں کی کٹائی، صفائی اور دیگر ضروری باغبانی کے امور بھی کامیاب بولی دہندہ کی ذمہ داری ہوں گے۔

۲۳۔ مذکورہ شرائط و ضوابط میں سے کسی بھی شرط کی خلاف ورزی کی صورت میں نیلامی / ٹھیکہ منسوخ کیا جا سکتا ہے اور جمع شدہ زرِ ضمانت ضبط کر لی جائے گی۔

۲۴۔ کسی بھی اختلاف یا تنازع کی صورت میں جناب چیف ایگزیکٹو آفیسر، پنجاب لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ، لاہور کا فیصلہ حتمی اور قطعی تصور ہو گا، جس کے خلاف کسی قسم کی قانونی یا عدالتی کارروائی قابلِ قبول نہ ہو گی۔

۲۸۔ مذکورہ باغات کی پہلی نیلامی مورخہ 4 ستمبر 2026ء کو منعقد کی جائے گی۔ اگر کسی وجہ سے مقررہ تاریخ کو نیلامی نہ ہو سکے، یا قابلِ قبول قیمت / بولی موصول نہ ہو، تو دوسری نیلامی مورخہ 7 ستمبر 2026ء کو اور تیسری نیلامی مورخہ 10 ستمبر 2026ء کو لائیو اسٹاک تجرباتی فارم خضر آباد، ضلع سرگودھا میں صبح 11:00 بجے منعقد کی جائے گی۔ تینوں نیلامیاں مقررہ شرائط و ضوابط کے مطابق بذریعہ کھلی بولی منعقد کی جائیں گی۔ مزید معلومات کے لیے دفتری اوقات کار میں درج ذیل نمبر پر رابطہ کریں۔

سینیئر مینجر آپریشنز: 0327-8888082

سینیئر مینجر فارم: 0334-7970599

ایگریکلچر مینیجر: 0327-8888089

پی ایل ڈی ڈی بی، آفس ایڈریس: 18 کلومیٹر ملتان روڈ، شاہ پور کانجرہ لاہور